**27.08.2024**

**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں آسیہ میمونہ

**Music**

~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~

☆ وزیر خارجہ ایس جے شنکر اور برازیل کے اُن کے ہم منصب **Mauro Vieira** نئی دلّی میں بھارت- برازیل مشترکہ کمیشن کی نویں میٹنگ کی مشترکہ طور پر صدارت کررہے ہیں۔

☆ جموں وکشمیر میں پہلے مرحلے کے اسمبلی انتخابات کیلئے کاغذاتِ نامزدگی داخل کرنے کا عمل آج شام ختم ہوجائے گا۔ اس مرحلے کے تحت اگلے مہینے کی 18 تاریخ کو 6 ضلعوں کے 24 حلقوں کیلئے پولنگ ہوگی۔

☆ بھارتی موسمیات محکمے، **IMD** نے گجرات کے متعدد ضلعوں میں شدید بارش کیلئے ریڈ الرٹ جاری کیا ہے۔

☆ پاکستان کے بلوچستان صوبے میں چار مختلف حملوں میں 70 سے زیادہ افراد ہلاک ہوئے ہیں۔

☆ اور کرکٹ میں، خواتین کے **ICC** ٹی-ٹوئینٹی ورلڈ کپ کیلئے بھارتی ٹیم کا اعلان کردیا گیا ہے۔ کپتان **Harmanpreet Kaur** اور نائب کپتان اِسمرتی مَندھانا متحدہ عرب امارات میں بھارتی ٹیم کی قیادت کریں گی۔

~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~~

**Music**

اب خبریں تفصیل سے

**INDIA BRAZIL MEETING**

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر اور برازیل کے اُن کے ہم منصب **Mauro Vieira** نئی دلّی میں بھارت-برازیل مشترکہ کمیشن کی نویں میٹنگ کی مشترکہ طور پر صدارت کررہے ہیں۔

میٹنگ سے قبل ڈاکٹر جے شنکر نے کہا کہ وہ ایک مفید اور نتیجہ خیز بات چیت کے منتظر ہیں۔ دونوں وزراء اس بارے میں بات کریں گے کہ دونوں ملک کس طرح جی ٹوئنٹی کے اُن اہم نتیجوں اور اقدامات کو آگے لے جاسکتے ہیں ،

جو پچھلے سال بھارت کی جی ٹوئنٹی کی صدارت کے تحت سامنے آئے تھے۔

فی الحال برازیل کے پاس جی ٹوئنٹی کی صدارت ہے اور اس سال راجدھانی **Rio de Janeiro** میں **18** سے **19** نومبر کے دوران جی ٹوئنٹی کی سربراہ کانفرنس منعقد ہوگی۔

بھارت اور برازیل کے کثیر رخی تعلقات مشترکہ اقدار پر مبنی ہیں ۔ وزارتِ خارجہ کے مطابق برازیل کے وزیر خارجہ **Mauro Vieira** کے اِس دورے سے **2006** میں قائم کی گئی کلیدی ساجھیداری کو مزید مستحکم بنانے اور مختلف شعبوں میں دو طرفہ علاقائی اور کثیر سطحی اشتراک و تعاون کے نئے امکانات تلاش کرنے کا موقع فراہم ہوگا۔ **x**

## SHAH BPRD FOUNDATION DAY

مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ کل نئی دلّی میں پولیس ریسرچ اینڈ ڈیولپمنٹ کے بیورو کی **54** ویں یوم تاسیس تقریب میں شرکت کریں گے۔ اِس موقع پر وزیرداخلہ ''نئے فوجداری قانون، شہریوں پر مرکوز اصلاحات''کے موضوع پر ڈاکٹر آنند سوروپ گپتا میموریٔل لیکچر دیں گے۔

جناب شاہ سال **2023** اور **2024** کیلئے نمایاں خدمات کے **President's** میڈل اور **Meritorious** خدمات کے **President's** میڈل حاصل کرنے والے افراد کو بھی اعزاز دیں گے۔

تقریب کے دوران وزیر داخلہ نئے فوجداری قوانین پر بیورو پبلیکیشن کے انڈین پولیس جنرل، کے ایک خصوصی ایڈیشن کو بھی جاری کریں گے۔ مذکورہ بیورو تحقیق اور ترقی کے ذریعہ **Policing** میں مہارت کو پروان چڑھانے کیلئے پولیس کے ایک **Think Tank** کے طور پر کام کرتا ہے۔**x**

## J&K NOMINATION

جموں و کشمیر میں اسمبلی انتخابات کے پہلے مرحلے کے لیے کاغذات نامزدگی داخل کرنے کا عمل آج ختم ہوجائے گا۔ کاغذات کی جانچ پڑتال کل ہوگی، جبکہ **30** اگست تک نامزدگی کے کاغذات واپس لیے جاسکتے ہیں۔ پہلے مرحلے میں اگلے مہینے کی **18** تاریخ کو چھ ضلعوں میں پھیلے ہوئے **24** اسمبلی حلقوں میں پولنگ ہوگی۔

بقیہ دو مرحلوں کی ووٹنگ اگلے مہینے کی **25** تاریخ کو، اور پہلی اکتوبر کو ہوگی۔ نتیجوں کا اعلان چار اکتوبر کو کیا جائے گا۔

مرکز کے زیر انتظام علاقے کے **90** اسمبلی حلقوں میں **74** اسمبلی حلقے جنرل زمرے کے، سات حلقے **SC** امیدواروں کے لیے ریزرو ، جبکہ **9** حلقے **ST** امیدواروں کے لیے ریزرو ہیں۔**x**

## CONG-J&K LIST

کانگریس نے جموں و کشمیر اسمبلی انتخابات کے لیے 9 امیدواروں کی فہرست جاری کی ہے۔ پارٹی نے اپنے لیڈر غلام محمد میر کو Dooru اسمبلی سیٹ سے کھڑا کیا ہے جبکہ شیخ ریاض ڈوڈہ سیٹ سے چناؤ لڑیں گے۔

پردیپ کمار بھگت، ڈوڈہ ویسٹ اسمبلی حلقے سے کانگریس کے امیدوار ہوں گے۔x

## TASK FORCE MEETING

طبی شعبے سے وابستہ پیشہ ور افراد اور اہلکاروں کے تحفظ، سلامتی اور کام کرنے کے حالات سے متعلق سفارشات کے لیے سپریم کورٹ نے جو، قومی ٹاسک فورس بنائی ہے، اُس کی پہلی میٹنگ آج ہونے والی ہے۔ کابینہ سکریٹری اس میٹنگ کی صدارت کریں گے۔

ٹاسک فورس کے ارکان میں مرکزی داخلہ سکریٹری، نیشنل میڈیکل کمیشن کے چیئرپرسن، سرجن وائس ایڈمیرل R.Sarin، ایمس کے ڈائریکٹر، ڈاکٹر ایم شری نواس اور ایمس کے Neurology محکمے کی سابق پروفیسر ڈاکٹر پدما سری واستو شامل ہیں۔

عدالت عالیہ نے کولکاتہ کے آر جی کر میڈیکل کالج اسپتال میں ایک خاتون ڈاکٹر کی آبروریزی اور قتل کیس کی سماعت کرتے ہوئے طبی پیشہ ور افراد کی سلامتی کو یقینی بنانے کیلئے قومی ٹاسک فورس قائم کی تھی۔ سپریم کورٹ نے ٹاسک فورس کو ہدایت دی تھی کہ وہ تین ہفتے کے اندر اندر عبوری رپورٹ اور دو مہینے کے اندر اندر حتمی رپورٹ پیش کرے۔x

## REV WB - STUDENTS RALLY

کولکاتہ میں طلباء کے مختلف گروپ کی Nabanna Abhijan ریلی میں پولیس اور احتجاج کرنے والے طلباء کے درمیان ٹکراؤ کی خبریں ہاوڑہ Bridge ، Foreshore Road اور Santragachi سے موصول ہورہی ہیں۔ پولیس مظاہرین کو منتشر کرنے کیلئے لاٹھی چارج ، پانی کی بوچھاڑ اور آنسو گیس کا استعمال کررہی ہے۔

مغربی بنگال پولیس کی جانب سے اجازت نہ ملنے کے باوجود طلباء تنظیم Paschim Banga Chhatra Samaj اور Sangrami Joutha Mancha نے اعلان کیا تھا کہ وہ R.G. Kar میڈیکل کالج اور اسپتال کی ڈاکٹر کی آبرو ریزی اور قتل کے معاملے میں ملوث افراد کو گرفتار کرنے اور وزیر اعلیٰ ممتابنرجی کے استعفے کا مطالبہ کرتے ہوئے، اپنی ریلی کریں گے۔

مغربی بنگال پولیس نے دعویٰ کیا ہے کہ انہیں قابلِ اعتماد انٹلی جنس رپورٹ موصول ہوئی ہے، جس میں بتایا

گیا ہے کہ شر پسندوں کے مظاہرین میں گھل مل جانے اور ریلی کے دوران تشدد اور افراتفری پھیلانے کی کوشش کی جائے گی۔

ریاستی سرکار نے پہلے ہی **BNSS** کی دفعہ **163** کے تحت **Nabanna** کے قریب امتناعی احکامات نافذ کردیئے ہیں، جس کے تحت پانچ یا اِس سے زیادہ لوگوں کو اکٹھا ہونے کی اجازت نہیں ہے۔ متعدد تعلیمی اداروں نے آج آن لائن کلاسز کا انتخاب کیا ہے یا تعطیل کا اعلان کیا ہے۔

گورنر سی وی آنند بوس نے ریاستی سرکار پر زور دیا ہے کہ وہ ریلی کے خلاف طاقت کے استعمال سے گریز کرے اور احتجاج کرنے کے طلباء کے حق کے تحت انہیں احتجاج کرنے دے۔ **x**

## SC K KAVITHA

سپریم کورٹ نے آج دلّی آبکاری پالیسی کیس سے وابستہ بدعنوانی اور منی لانڈرنگ معاملے میں بھارت راشٹر سمیتی **BRS** کی رہنما کے کویتا کو ضمانت دے دی ہے۔ جسٹس بی آر گوائی اور کے وی وشواناتھن پر مشتمل بنچ نے کہا ہے کہ کے کویتا تقریباً **5** مہینے عدالتی تحویل میں رہی ہیں اور ان کے خلاف سی بی آئی اور **ED** کی تحقیقات مکمل ہوگئی ہیں۔**x**

## NAVY SHIVAJI STATUE

بھارتی بحریہ نے کَل مہاراشٹر کے سِندھو دُرگ ضلع میں ایک تاریخی قلعے میں چھترپتی شیوا جی مہاراج کے مجسمے کے منہدم ہونے کے تعلق سے ایک بیان جاری کیا ہے۔ اس بیان میں بحریہ نے بتایا ہے کہ وہ ریاستی حکومت اور متعلقہ ماہرین کے ساتھ کام کررہی ہے اور واقعے کی وجہ کا فوری پتہ لگانے اور جلد سے جلد مجسمے کو پھر سے نصب کیے جانے کیلئے اقدامات کی شروعات کرنے کیلئے ایک ٹیم کو تعینات کیا گیا ہے۔ **x**

## KERALA FILM DIRECTOR DIED

ملیالم فلم کے نامور ہدایت کار جناب موہن کا آج صبح کوچی میں ایک پرائیویٹ اسپتال میں انتقال ہوگیا۔ وہ **76** برس کے تھے۔ انھوں نے **Elakkanagal ، Shalini Ente Koottukari** سمیت مختلف فلموں کی ہدایت کاری کی تھی۔**x**

## IMD WEATHER

بھارت کے محکمۂ موسمیات IMD نے آج جنوبی گجرات ، سواراشٹر اور کچھ میں دور دور تک بہت شدید بارش کی پیشگوئی کی ہے۔شمالی گجرات اور جنوبی راجستھان کے کچھ مقامات پر بھی آج موسلا دھار بارش ہونے کی پیشگوئی کی گئی ہے۔ Konkan, گوا، مدھیہ مہاراشٹر، اُڈیشہ، گنگا کے علاقے والے مغربی بنگال، جھارکھنڈ اور بہار میں بھی کُل دور دور تک شدید بارش ہونے کا امکان ہے۔ x

## GUJRAT HEAVY RAINS

گجرات کے مختلف حصوں میں مسلسل تین دِن سے موسلا دھار بارش کا سلسلہ جاری ہے، جس کی وجہ سے معمول کی زندگی بری طرح متاثر ہوئی ہے۔ ریاست کے کم و بیش 75 باندھوں میں پانی کناروں سے باہر بہہ رہا ہے، جبکہ 45 زیادہ کو ہائی الرٹ پر رکھا گیا ہے۔ اِس دوران بھارت کے محکمۂ موسمیات نے آج گجرات کے مختلف اضلاع میں موسلا دھار بارش کیلئے ریڈ الرٹ جاری کیا ہے۔x

## US GABBARD - TRUMP

سابق ڈیموکریٹ Tulsi Gabbard نے آئندہ امریکی صدارتی انتخابات میں ری پبلکن پارٹی کے امیدوار ڈونلڈ ٹرمپ کی حمایت کرنے کا اعلان کیا ہے۔ عراق میں فوج میں اپنی خدمات انجام دینے والے Gabbard نے 2020 میں ڈیموکریٹک پرائمری میں صدر کے عہدے کیلئے انتخاب لڑا تھا۔ تاہم انہوں نے دو سال بعد پارٹی چھوڑ دی تھی۔ Detroit اور Michigan میں نیشنل گارڈ ایسوسی ایشن کی کانفرنس میں کل ٹرمپ کے ساتھ شرکت کرتے ہوئے، Gabbard نے ٹرمپ کی تعریف کی کہ وہ امن کے حصول میں مخالفین ، آمروں ، اتحادیوں اور شراکت داروں سے یکساں طور پر ملنے کی ہمت رکھتے ہیں اور جنگ کو آخری حربے کے طور پر دیکھتے ہیں۔ x

## BANGLADESH - ANSAR JAIL

بنگلہ دیش میں ڈھاکہ کی ایک عدالت نے اتوار کی رات ڈھاکہ کے سینٹرل سکریٹریٹ کے سامنے انصار کے عملے اور طلبہ کے درمیان جھڑپوں سے متعلق 4 معاملات میں انصار کے عملے کے 388 اہلکاروں کو جیل کی سزا سنائی ہے۔ پولیس کے مطابق اِن 4 معاملات میں کُل 437 افراد کو نامزد کیا گیا ہے اور 11 ہزار 100 نامعلوم افراد کو ملزم قرار دیا گیا ہے۔

اِس سے قبل اتوار کی رات طلبہ اور انصار کے عملے کے اہلکاروں کے درمیان جھڑپوں میں 40 سے زیادہ

افراد زخمی ہوگئے تھے، کُل جاری کی گئی تعلقات عامہ کے دفتر کی ایک پریس ریلیز کے مطابق کم از کم **6** فوجی اہلکارزخمی ہوئے،ان میں سے ایک کی حالت نازک ہے۔**x**

## PAKISTAN BLOCHISTAN ATTACK

پاکستان کے بلوچستان صوبے میں تشدد کے مختلف واقعات کی خبریں ملنے کے دوران کم از کم چار افراد کو زدوکوب کیے جانے سمیت **70** سے زیادہ افراد ہلاک ہوگئے ہیں۔ مختلف میڈیا خبروں کے مطابق **Lasbela** ضلع کے**Bela** شہر میں ایک بڑی شاہراہ پر گاڑیوں کو نشانہ بناکر کیے گئے ایک حملے میں کم از کم **14** فوجی اور پولیس اہلکار اورکم و بیش **21** ملی ٹینٹس ہلاک ہوگئے۔

ایک علیحدہ واقعے میں مسلح افراد کی جانب سے موسیٰ خیل ضلع میں ایک بین صوبائی شاہراہ کی ناکہ بندی کرنے کے بعد کم از کم **23** افراد ہلاک ہوگئے ۔ جنوب مغربی پاکستان کا بلوچستان صوبہ پچھلے کچھ ہفتوں سے خطے میں جاری بڑے پیمانے پر احتجاج کے ساتھ کئی برسوں سے انتشار کا شکار رہا ہے۔**x**

## US OPEN NAGAL

بھارت کے ٹینس کھلاڑی **Sumit Nagal** نیویارک میں مردوں کے سنگلز کے ابتدائی راؤنڈ میں **Tallon Griekspoor** سے ہارنے کے بعد **US** اوپن سے باہر ہوگئے ہیں۔ وہ میچ کے پہلے دو سیٹ میں بہتر کھیل کا مظاہرہ نہیں کرپائے۔ تاہم تیسرے سیٹ میں انہوں نے سخت جدوجہد کی۔ آخر میں وہ ہالینڈ کے کھلاڑی **Tallon Griekspoor** سے **1-6** ، **3-6**، **6-7** سے ہار گئے۔ **US** اوپن میں بھارت کی امیدیں ابھی باقی ہیں۔ روہن بوپنّا ، **Yuki Bhambri** اور این سری رام بالاجی نے ابھی تک مردوں کے ڈبلز کے زمرے میں اپنی مہم شروع نہیں کی ہے۔ **x**

## INDIA PARALYMPICS

بھارتی پیرا ایتھلیٹس کا **84** ممبران پر مشتمل ایک دستہ کل سے پیرس میں شروع ہونے والے پیرالمپکس کھیلوں میں سونے کے تمغے حاصل کرنے کیلئے اپنی کارکردگی کا مظاہرہ کرنے کیلئے تیار ہے۔ پیرالمپکس میں بھیجا گیا اب تک کا یہ سب سے بڑا دستہ ہے۔ بھارت نے **2021** میں ٹوکیو پیرالمپکس میں سونے کے پانچ تمغوں سمیت ریکارڈ **19** تمغے حاصل کیے تھے اور مجموعی درجہ بندی میں اُس کا **24** واں مقام تھا۔**x**

**WOMEN'S T20 SQUAD**

بھارت کی سرکردہ بلے باز **Harmanpreet Kaur** متحدہ عرب امارات میں خواتین کے **ICC** ٹی-ٹوئنٹی عالمی کپ **2024** میں ، **15** رکنی بھارتی ٹیم کی قیادت کریں گی۔ اِسمرتی مندھانا کو نائب کپتان مقرر کیا گیا ہے۔

ٹیم کی دیگر کھلاڑیوں میں شیفالی ورما، **Deepti** شرما، **Jemimah Rodrigues** ، رِچا گھوش ، پوجا **Vastrakar**، ارون دَھتی ریڈی، رینوکا سنگھ ٹھاکر، **Dayalan Hemalatha**، آشا **Sobhana** ، رادھا یادو اور **Sajana Sajeevan** شامل ہیں۔ x

☆☆☆